نعتِ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

پروفیسر محمد اکرام تائب

ہر درد کی دوا ہیں میرے نبی کی باتیں
سب کے لیے شفاء ہیں میرے نبی کی باتیں

ہر دل کی آرزو ہے قربان ہو نبی پر
ہر رُوح کی غذا ہیں میرے نبی کی باتیں

مِلتا ہی جا رہا ہے رستے سے آج رستہ
سب سے بڑی دعا ہیں میرے نبی کی باتیں

آنسو ٹپک رہے ہیں پتھر کی آنکھ سے بھی
ہر بات سے جدا ہیں میرے نبی کی باتیں

شقّ القمر ہو یا پھر معراج کا سفر ہو
حیرت کی انتہا ہیں میرے نبی کی باتیں

محشر کی تشنگی کا احساس مِٹ گیا ہے
رحمت کی یہ گھٹا ہیں میرے نبی کی باتیں

تائبؔ یہی عدم کا زادِ سفر ہے میرا
رحمان کی عطا ہیں میرے نبی کی باتیں